رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: "ثم المياه على خمسة اقسام" پانی کی مذکورہ پانچ اقسام میں سے تین کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: فقہ کی روشنی میں قلیل (تھوڑا) پانی کسے کہا جاتا ہے؟

سوال نمبر 3: "سؤر" کی تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اگر تھوڑے پانی میں جانور مرا ہوا ملے (پھولا، پھٹا نہ ہو) اور اس کے گرنے کا وقت معلوم نہ ہو تو کب سے نجاست کا حکم لگایا جائے گا؟

سوال نمبر 5: بیت الخلاء سے نکلنے کے بعد کی دعا تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: چہرہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: وضو میں کانوں کا مسح، ترتیب اور قبلہ کی طرف منہ کرنے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "يسن الاغتسال لأربعة أشياء" 3 وہ چیزیں لکھئے جہاں غسل کرنا سنت ہے۔

سوال نمبر 9: "تجوز الصلاة على لبد وجهه الأعلى طاهر والأسفل نجس" عبارت کی تشریح کیجئے۔

سوال نمبر 10: نماز کے ارکان اربعہ میں سے کوئی تین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: پنج وقتہ نمازوں کے علاوہ کون کون سی نمازوں میں امام پر جہری قراءت کرنا واجب ہے؟ کوئی 3 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: نمازی رکوع، سجود و قیام میں اپنی نگاہ کہاں رکھے گا؟

سوال نمبر 13: نماز میں پڑھی جانے والی ثناء تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: نماز کی حالت میں منہ میں موجود چیز کی کتنی مقدار نگلنے سے نماز فاسد ہو جائے گی؟

سوال نمبر 15: سنت مؤکدہ کے قعدہ اولیٰ میں کیا کیا پڑھا جائے گا؟

سوال نمبر 16: رات کی نماز افضل یا دن کی نیز زیادہ سجدے افضل یا لمبا قیام؟

سوال نمبر 17: بلا عذر نفل نماز بیٹھ کر پڑھنے کا کیا نقصان ہے؟

سوال نمبر 18: عیدین اور جمعہ کی شرائط میں کیا فرق ہے؟

سوال نمبر 19: روزہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 20: روزہ کی اقسام ستہ کے نام تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: پاک و ناپاک برتن و کپڑے آپس میں مل جائیں تو تحری کرنے/نہ کرنے کی تمام صورتیں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "ويكره للمتوضي ستة اشياء" وضو کرنے والے کے لئے چھ مکروہ چیزوں میں سے کوئی 5 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: صحیح العقیدہ سنی کے امام بننے کے لئے کون کون سی شرائط ہیں؟ کوئی 5 تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: امامت کا زیادہ حقدار کون ہے ترتیب وار ابتدائی 5 مراتب تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: "صلاة الجمعة فرض عين على من اجتمع فيه سبعة شرائط" مذکورہ سات شرائط میں سے کوئی 5 پانچ تحریر کیجئے۔